3

(1)

(3)

# بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکرٹریٹ اسلام آباد

## درخواست اعتراضات حلقہ بندی PP-185 حجرہ شاہ مقیم تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ سے حلقہ PP-183 اختر آباد تحصیل رینالہ ضلع اوکاڑہ

---

**جناب عالیٰ!** سائل حسب ذیل عرض کرتا ہے۔

1۔ یہ کہ سائل مسمی ناسک نواز ولد محمد نواز ذات ارائیں ساکن چک نمبر 34/1AL تحصیل رینالہ ضلع اوکاڑہ کا رہائشی ہوں۔ انتخابی حلقہ موضع 34/1AL قانونگوئی اختر آباد تحصیل رینالہ ضلع اوکاڑہ ووٹر لسٹ کے سلسلہ نمبر 329 گھرانہ نمبر 22 میں سائل کا اندراج موجود ہے اور حلقہ PP-185 میں حالیہ حلقہ بندی میں شامل کر دیا گیا ہے۔

2۔ یہ کہ سائل کا موجودہ حلقہ 185 ہے انتخابی حلقہ نمبر PP-185 کے بقیہ تمام حلقہ کی آبادی تحصیل دیپالپور پر مشتمل ہے جبکہ سائل کا موضع تحصیل رینالہ میں ہے اور GT روڈ پر اپنی تحصیل کے مرکز کے قریب تر اور ڈسٹرکٹ کے بھی قریب تر ہے جسکو دوسری تحصیل کے دور دراز علاقہ میں شامل کر دیا ہے۔

3۔ یہ کہ حلقہ بندی PP ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کے مطابق نقشہ ترتیب ہی غلط تشکیل دی گئی ہے حلقہ نمبر PP-184 اور اس کے ساتھ نیچے 183 اور اس کے نیچے حلقہ 185 اسی طرح حلقہ بندی تشکیل دی گئی ہے جو کہ غلط اور بلا ترتیب ہے جبکہ ترتیب درست طور پر CLOCK WISE ہونی چاہئے مگر نقشہ PP ڈسٹرکٹ اوکاڑہ بلا ترتیب ہے بدیں وجہ حلقہ بندی کا تعین درست نہ کیا گیا ہے نقشہ لف ہذا ہے۔

4۔ یہ کہ سائل کا موضع قانونگوئی اختر آباد میں شمار ہوتا ہے جبکہ سائل کے موضع کو انتخابی حلقہ نمبر PP-185 حجرہ شاہ مقیم میں شامل کیا گیا ہے۔

(i) یہ کہ سائل کا موضع قانونگوئی اختر آباد میں ہے جو کہ تحصیل رینالہ سے ملحقہ ہے اور قانونگوئی اختر آباد کا انتخابی حلقہ PP-183 ہے بدیں وجہ لازمی اور فطری طور پر سائل کی قانونگوئی اختر آباد کو بھی انتخابی حلقہ نمبر PP-183 میں شامل کیا جا ناقرین انصاف ہے۔

(ii) یہ کہ سائل کا موضع اور انتخابی حلقہ نمبر 185 کے درمیان طویل فاصلہ موجود ہے جو کہ سائل اور دیگر لوگوں کے لیے بیشمار مسائل بھی پیدا ہونگے۔

(iii) یہ کہ موجودہ حلقہ بندی کرتے وقت Natural Alliance اور Compact block کا قطعی طور پر لحاظ نہ رکھا گیا ہے جو کہ نقشہ لف پٹیشن ہذا سے واضع ہے۔

(iv) یہ کہ موجودہ حلقہ بندی کو مرتب کرتے وقت انتخابی حلقہ کی ترتیب کو مدنظر نہ رکھا گیا ہے سائل کے موضع قانونگوئی اختر آباد کو حجرہ میں شامل کردیا ہے جبکہ سائل کے موضع اور قانونگوئی اختر آباد کو حلقہ PP-183 میں شامل کر کے حلقہ بندی کو ترتیب دیا جانا قرین انصاف ہے۔

6۔ یہ کہ موجودہ حلقہ بندی کو درست کر کے سائل کے موضع کو موجودہ انتخابی حلقہ نمبر PP-185 سے نکال کر انتخابی حلقہ نمبر PP-183 میں شامل کرنے سے حلقہ بندی کی ترتیب درست ہوگی اور عوام الناس کو آسانی ہوگی۔

7۔ یہ کہ ترتیب مجوزہ حلقہ بندی انتخابی حلقہ نمبر PP-183 درج ذیل ہیں۔

## مجوزہ حلقہ نمبر 183

### حلقہ نمبر 4

| | |
|---|---|
| رینالہ MC | 54097 |
| رینالہ QH-(I) | 82861 |
| رینالہ QH-(II) | 71029 |
| اختر آباد QH | 132268 |
| چوچک QH کے مندرجہ ذیل پٹوار سرکل نکال کر | |
| (A) تانار | |
| (B) میاںکے | |
| (C) بازیدہ | 78761 |
| (D) باما بالا | |
| (E) چوچک | |

5

# مجوزہ حلقہ نمبر 185

## حلقہ نمبر 5

| | |
|---|---|
| حجرہ MC | 76462 |
| حجرہ QH(I) | 51689 |
| حجرہ QH(II) | 56271 |
| شیرگڑھ QH | 97942 |
| ڈھلیانہ QH | 79760 |
| دیپال پور QH-II کے مندرجہ ذیل پٹوار سرکل | |
| (A) لالیوالہ | 7818 |
| (B) کندووال سرائے | 6866 |
| کل ووٹ: | 376808 |

8۔ یہ کہ اگر حلقہ بندی موضع سائل درست کر کے سائل کے موضع کو انتخابی حلقہ نمبر PP-185 سے نکال کر انتخابی حلقہ نمبر PP-183 میں شامل نہ کیا گیا تو سائل و اہل دیہہ کو شدید دشواری کا سامنا ہوگا۔ اور الیکشن بھی پرامن طور پر نہ ہو سکے گا۔

اندریں حالات بالا استدعا ہے کہ درخواست ہذا منظور فرماتے ہوئے موضع چک نمبر 34/1AL جو کہ قانونگوئی اختر آباد میں ہے کو انتخابی حلقہ نمبر PP-185 سے نکال کر انتخابی حلقہ نمبر PP-183 میں شامل کیا جائے۔

نوازش ہوگی۔

عــــــرضــــــے

ناسک نواز ولد محمد نواز ذات ارائیں ساکن چک نمبر 34/1AL

تحصیل رینالہ ضلع اوکاڑہ